اللہ نور السمٰوات والارض

باب دوم

معارج العرفان فی فضائل منار الرحمان

مؤلفہ

زبدۃ الاطبا الکرام جناب حکیم سید مرتضیٰ حسین صاحب دامت معالیہ

باہتمام سید محمد طاہر رضا

مطبع نور الاحمد الٰہ آباد میں زیور طبع سے آراستہ ہوا

بسم الله الرحمن الرحیم

الحمد لله الذی تقدس عن مماثلة مکوناته وتنزه عن مشابهة مصوراته
لیس له فیما ابتدع مجانسة ولا له فیما اخترع مشابهة بان من الاشیاء
قدرة وبانت الاشیاء منه خلقة ومنها قال الله الواحد الاحد المتعال
لیس کمثله شیء فلا تضربوا لله الامثال - والصلوة والسلام علی اعاظم
مخلوقاته واکارم مصنوعاته محمد نبیه وعلی ولیه وعترتهما حججه
علی بریته وخلفائه فی خلیقته خصهم الله لنفسه فی القدم
وانشاهم لذاته من العدم جعلهم سترا وحجابا بینه وبین کل شیء
وافترض طاعتهم وولایتهم علی کل شیء خلقهم من نور عظمته و
جلاله وبراهم من سناء عزه وکماله فهولاء نور السموات والارضین
ومقامات رب العالمین جعلهم خزائن علمه وحکمته و

معادن سرہ و وحیہ ومصادر کلماتہ وآیاتہ ومظاہر قدراتہ ومعجزاتہ ظاہرھم بشریۃ وباطنھم لاھوتیۃ ینسب طاعتھم وعصیانھم الی ذاتہ واقامہم مقام نفسہ لانہ لایُریٰ ولایعرف و لایدرک ولایوصف فلولاھم ماعرف اللہ ولولاھم ماعبد اللہ یجری اللہ امرہ کیف یشاء فیما یشاء ولایسئل عما یفعل وھم یسئلون۔

امابعد حق سبحانہ تعالیٰ قرآن مجید مین ارشاد فرماتا ہے اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّ لَا غَرْبِیَّةٍ ۙ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَ لَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۙ

(سورۂ نور آیہ ۳۶)

جسکا زبان فارسی مین یون ترجمہ کیا گیا ہے۔ خدا روشنی آسمانہا و زمین است۔ و مثل نور او مانند روزنۂ فانوسی کہ در آنست چراغی افروختہ۔ کہ آن چراغ در قندیل بلوری باشد۔ و آن قندیل گویا ستارہ ایست درخشان چون چراغ افروختہ شدہ است از درخت بابرکت زیتون کہ نہ از جانب شرق است و نہ از جانب غرب۔ نزدیک است کہ روغن آن روشنی دہد و اگر نرسد او را آتش۔ نور یست بر نور۔ کہ راہ نماید خدا بروشنی او ہر کرا میخواہد۔ و بیان میکند خدا داستانہا برای مردمان۔ و خدا بہر چیزی داناست۔ (از قرآن مطبوعہ طہران)

اور زبان اُردو مین یہہ ترجمہ کیا گیا ہے۔ اللہ نور ہے آسمانونکا اور زمین کا۔

مثال نور اوسکے کی مانند طاق کے ہے کہ بیچ اوسکے چراغ ہو، اور چراغ بیچ قندیل شیشہ کے، اور وہ قندیل گویا کہ وہ تارہ ہے چمکتا، روشن کیا جاتا ہے وہ چراغ درخت مبارک زیتون کے سے نہ مشرق کیطرف ہے، اور نہ مغرب کیطرف، نزدیک ہے کہ تیل اوسکا روشن ہو جائے اور اگرچہ نہ لگے اوسکو آگ، روشنی اوپر روشنی کے، راہ دکھاتا ہے اللہ طرف اپنے نور کے جسکو چاہتا ہے، اور بیان کرتا ہے اللہ مثالین واسطے لوگونکے، اور اللہ ساتھہ ہر چیز کے جاننے والا ہے۔

(از قرآن مترجمہ مولوی رفیع الدین صاحب)

اِس آیۂ نور مین موضوع بحث یہہ امر ہے کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مین لفظ نور سے عین ذات باری تعالیٰ عزاسمہ کی مراد ہے یا سوائے اللہ کے کوئی اور شئے۔ اگر کسی شیعۂ اثناعشری کا یہہ اعتقاد ہو کہ معاذاللہ عین ذات باری تعالیٰ عزاسمہ کی نور ہے تو ہم اسبات کے کہنے پر مجبور ہین کہ وہ شخص صرف اپنے ہی مذہب کے مسائل توحید اور تفسیر قرآن سے بے بہرہ نہین ہے بلکہ ہمارے سُنّی بھائیون کے الٰہیات اور تفسیرونسے بھی جاہل ہے۔ اور اگر جاہل نہین ہے اور اوسنے فریقین کے الٰہیات اور تفسیرونکی کتابین مطالعہ کی ہین تو پھر یقیناً وہ شیعۂ اثناعشری نہین ہے بلکہ یا **مانویہ** ہے جو باری تعالیٰ عزاسمہ کو نور اعظم جانتے ہین یا **مجسمہ** ہے جو تمام الفاظ قرآن کے لغوی معنون کو محکم اور صحیح سمجھکر باری تعالیٰ عزاسمہ کیلیئے صورت اور اعضاء اور مثالین تجویز کرتے ہین۔ بہرحال یہہ اعتقاد اوسکا کہ عین ذات باری تعالیٰ

عزاسمہ کی نور ہے عقلاً اور نقلاً بالکل لغو اور فاسد ہے ۔
اول اِسلیے کہ نور وہ ہے جو بذاتہ ظاہر ہوا ور لغیرہ مُظہر ہو یعنی خود دکھائی دیتا ہو اور دوسری چیزونکو دکہلاتا ہو ۔ لیکن اللہ نہ خود دکھائی دیتا ہے اور نہ چمک کے دوسری چیزونکو دکھلاتا ہے لھذا حق سبحانہ تعالیٰ نور نہین ہے اگر اوسکی ذات نور ہوتی تو وہ بھی ہمکو نور کیطرح دکھائی دیتا اوسکی ذات مقدس اِس تعریف سے بالکل بری ہے ۔ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ یعنی اوسکو آنکہین نہین پاتین اور وہ آنکھون کو پاتا ہے اور وہ باریک بین خبردار ہے ۔ (سورہ انعام آیہ ۱۰۳)
دوم اِسلیے کہ اگر نور عین ذات باری تعالیٰ عزاسمہ کی ہوتا تو واجب تھا کہ وہ بھی لازوال ہوتا کیونکہ حق سبحانہ تعالیٰ کیلیئے زوال ممتنع ہے مگر یہہ نور برس کے مہینون اور مہینونکے دنون اور دنونکے گھنٹون اور گھنٹون کے دقیقون مین زائل ہوتے ہوتے آخر کو اندھیر گھُپ ہو جاتا ہے لھذا نور حق سبحانہ تعالیٰ کی ذات نہین ہو سکتا ۔
سوم اِسلیے کہ کوئی شئی متحرک کبھی قدیم نہین ہو سکتی ہر نقطہ پر اوسکے لیے حدوث ثابت ہے اور نور ایک دقیقہ مین ایک لاکھ نوّے ہزار میل حرکت کرتا ہے پس یہہ بھی حادث ہے اور حق سبحانہ تعالیٰ قدیم ہے لھذا نور اوسکی عین ذات کبھی نہین ہو سکتا ۔
چہارم اِسلیے کہ ہر چیز تقسیم ہونیوالی اپنے وجود مین اپنے اجزا کی محتاج ہوتی ہے اِسلیے کہ جب تک اوسکے سب اجزا جمع نہونگے وہ چیز وہ چیز ہی نہین کہلائیگی

اور اوسکے اجزا اوسکے غیر ہین اسلیے کہ غیر نہوتے تو وہ چیز تقسیم نہوسکتی
اور جو چیز اپنے وجود مین غیر کی محتاج ہو وہ ممکن اور حادث ہے - اور
یہہ نور بداہۃً مختلف اللون شعاعون مین تقسیم اور تحلیل ہوجاتا ہے اور اپنے
وجود مین اپنے اجزا کا محتاج ہے لہذا یہہ بھی ممکن اور حادث بالغیر ہے
پس عین ذات واجب الوجود واحد حق سبحانہ تعالیٰ کی نہین ہوسکتا -
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ (سورۂ اخلاص)
پنجم اسلیے کہ جتنے نور ہین سب متماثل ہین اور نص محکم قرآنی ہے کہ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
شَيْءٌ یعنی مثل اوسکے کوئی چیز نہین پس دو حال سے خالی نہین یا تو باری تعالیٰ
عزاسمہ نور نہین ہے یا معاذ اللہ یہہ آیت قرآن باطل ہے -
لھذا حق سبحانہ تعالیٰ نور نھین ہے -
ششم اسلیے کہ اسی آیۂ نور کے پہلے فقرہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کے
بعد ارشاد فرماتا ہے مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ یعنی مثال اوسکے نور کی ایسی ہے
جیسے طاق - اور پھر فرماتا ہے يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ یعنی جسکو چاہتا
ہے اللہ اپنے نور کیطرف ہدایت کرتا ہے پس صاف ظاہر ہے کہ نفس نور
اوسکی عین ذات نہین ہے بلکہ نور اوسکی طرف مضاف ہے اور مضاف
ہمیشہ مضاف الیہ کا غیر ہوتا ہے لھذا نور اور ہے اور حق سبحانہ تعالیٰ اور ہے
ہفتم اسلئے کہ نص محکم قرآنی ہے فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ یعنی خدا کیلئے مثالین
نہ بیان کرو - ہمکو تو منع فرماتا ہے اور خود اپنی ذات مقدس کے لیے مشکوۃ اور
زجاجہ اور مصباح کی مثالین بیان کرتا ہے پس دو حال سے خالی نہین

یا تو نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ مین نور سے اوسکی عین ذات مراد نہین ہے بلکہ کوئی اور شئی مراد ہے جسکے لئے مثال اور تشبیہ دینا جائز ہے یا یہہ آیۂ محکم فَلَا تَضْرِبُوْا معاذ اللہ باطل ہے ۔ لہذا ذاتِ مقدسِ جنابِ باری عزاسمہ نفس نور نہین ہے ۔

ہشتم اسلیئے کہ خود حق سبحانہ تعالی ارشاد فرماتا ہے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰاتِ وَالنُّوْرَ یعنی جمیع حمد ایسے اللہ کیلئے ہے جس نے خلق کیا آسمانون اور زمین کو اور پیدا کیا اندھیرون اور نور کو (سورۂ انعام آیہ ۱) پس نور جو شئی مخلوق ہے کیونکر عین ذات خالق کی ہو سکتا ہے ۔ اور شئی حادث کو قدیم کہنا یا قدیم مین صفات حادث کے سمجھنا بالکل خلافِ عقل اور نقل ہے حادث قدیم نہین ہوسکتا کہان خالق کہان مخلوق کہان حادث کہان قدیم سُبْحٰانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ ہ (سورۂ صافات آیہ ۱۸۰) یعنی پاک ہے رب تیرا پروردگارِ عزت اوس چیز سے کہ وصف کرتے ہین ۔

پس بحمد اللہ عقلاً اور نقلاً یہہ ثابت ہوگیا کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ مین لفظ نور سے ہرگز ذات باری عزاسمہ مراد نہین ہے ۔ بلکہ سوائے ذات باری تعالی کچھ اور مراد ہے اور اسکی تاویل کیگئی ہے اور ظاہر معنی لغوی نور کے نہین لیئے گئے اور جب تاویل کیگئی تو یہہ آیت محکم نہوئی بلکہ متشابہ ہے جیسا کہ حق سبحانہ تعالی نے خود اپنی کتاب کی کل آیتون کی دو قسمین کردی ہین ایک محکم اور دوسری متشابہ هُوَ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَیْكَ الْكِتٰابَ مِنْهُ آیٰاتٌ مُحْكَمٰاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰابِ وَ

اُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ (سورۂ آل عمران آیہ ۵) وہ ایسا ہے جسنے نازل کی تجھپر کتاب اوسمین آیات محکمات ہین کہ وہ سب اصل کتاب ہین اور دوسری متشابہین ہین ۔ اب یہہ جاننا چاہیئے کہ آیۂ محکم کس کو کہتے ہین اور متشابہ کسکو کہتے ہین ۔ تو امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہین کہ قرآن مین محکم ہین اور متشابہ ہین پس محکم وہ آیت ہے جسکے معنی پر ایمان لاتا ہے اور عمل کرتا ہے اور اطاعت کرتا ہے اور متشابہ وہ آیت ہے جسکے معنی پر ایمان لاتا ہے اور عمل نہین کرتا ہے اسلیئے کہ خدا فرماتا ہے کہ متشابہ آیت پر وہی لوگ عمل کرتے ہین جنکے دلونمین کجی ہے اور اوسکے معنی گڑھ کر فتنہ بپا کرنا چاہتے ہین اور متشابہ آیت کی تاویل سوائے خدا کے اور راسخون فی العلم حضرات کے کوئی نہین جانتا ہے ۔

محمد بن الحسین عن وھیب بن حفص عن ابی عبدالله علیہ السلام قال سمعتہ یقول ان القرآن فیہ محکم ومتشابہ فاما المحکم فیؤمن بہ ویعمل بہ ویدین بہ واما المتشابہ فیؤمن بہ ولا یعمل بہ وھو قول الله تبارک وتعالیٰ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِهِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاۗءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاۗءَ تَاْوِیْلِهٖ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَهٗۤ اِلَّا اللّٰهُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ ۔ (بحار الانوار از بصائر الدرجات باب انہم علیہم السلام اہل علم القرآن جلد ہفتم) پس اس تعریف کے مطابق جو امام علیہ السلام نے محکم اور متشابہ کی فرمائی ہے یہہ آیۂ نور ہمکو متشابہ معلوم ہوتا ہے اسلیئے کہ اسکے معنی مین کوئی حکم ایسا نہین ہے جسپر ہم عمل کرین مگر اسپر ایمان لانا لازم ہے کہ یہہ قرآن ہے اور کلام خدا ہے البتہ راسخون فی العلم اسکے معنی بہتر جانتے ہین گو یہہ تعریف محکم اور

متشابہ کے سمجھنے کے لئے کافی ہے تاہم اہل لغت اور مفسرین نے جو تعریف محکم
اور متشابہ کی کی ہے اوسکے ساتہہ بھی مطابق کرکے ہم دکھائے دیتے ہین کہ یہہ آیۂ
نور متشابہ ہے محکم نہین ہے ۔
اہل لغت محکم اوس لفظ کو کہتے ہین جسکے معنی مضبوط اور متقن یعنی ٹہیک ہون
کہ سوائے اوس ایک معنی کے دوسرے معنی سمجھ مین نہ آوین ۔ اور متشابہ اوس
لفظ کو کہتے ہین جسکے ٹہیک معنی سمجھ مین نہ آتے ہون اور کئی معنون کا شبہہ ہوتا
ہو پس اہل لغت کی تعریف کے مطابق بھی یہہ آیۂ نور متشابہ ہے اِسلئے کہ اِس
آیت کے پہلے فقرہ مین لفظ نور کئی معنی رکھتا ہے ۔ روشنی کو بھی کہتے ہین ۔
آشکارا کرنے والے کو بھی کہتے ہین ۔ ذات نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی کہتے
ہین ۔ یہہ نہین معلوم ہوتا کہ یہان نور کے ٹہیک کونسے معنی ہین اِسیطرح اکثر
الفاظ اِس آیت کے متشابہ ہین ۔ (قاموس ۔ منتہی الارب)
اہل تفسیر محکم کا اطلاق اوس آیت پر کرتے ہین جسکے معنی کھُلے ہوئے ہون اور ہر
لغت جاننے والا اسے سمجھہ جائے ۔
اور اوس آیت پر کرتے ہین جو منسوخ یا مخصوص نہو یا وہ نسخ اور تخصیص
دونون سے محفوظ ہو ۔ اور اوس آیت پر بھی محکم کا اطلاق کرتے ہین جسکا
سیدھا بیان پیچیدگی سے خالی ہو ۔
اور اوس آیت پر بھی کرتے ہین جسکی تاویل مین ایک پہلو کے سوا دوسرا پہلو نہ نکلے
اور متشابہ اُن کل باتون مین محکم کے خلاف ہے (مجمع البحرین)
پس مفسرین کی تعریفات کے مطابق بھی یہہ آیۂ نور محکم نہین معلوم ہوتا بلکہ متشابہ

ہے اِسلئے کہ اِسکی تاویل مین کئی پہلو پیدا ہوتے ہین اور چونکہ اکثر الفاظ اِسکے چند معانی رکھتے ہین سمجھنے والے پر اسکے معنی روشن نہین ہوتے بلکہ مبہم رہتے ہین -

جب ہمکو حدیث سے اور لغت سے اور اقوال مفسرین سے معلوم ہوگیا کہ آیۂ نور متشابہ ہے اور ہمکو اِسکے ٹہیک معنی نہین معلوم ہوسکتے تو یہہ دیکہنا ہے کہ اِسکی ٹھیک تاویل کون جانتا ہے جس سے ہم اوسکو دریافت کرین اور سمجھین تو حق سبحانہ تعالیٰ اونہین متشابہ آیتون کی تاویل جاننے والون کو خود بتاتا ہے اور فرماتا ہے - کہ نہین جانتا تاویل اوسکی مگر اللہ اور راسخون فی العلم وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ - (آل عمران آیہ ۵)

پس معلوم ہوا کہ متشابہ آیتون کی تاویل جاننے والے دوٗ ہی ہین ایک اللہ دوسرے راسخون فی العلم پس لازم ہوا کہ ہم اِنہین دوٗ جاننے والون مین سے کسی ایک سے پوچھین - اللہ سے پوچھنے کی تو ہم قابلیت نہین رکھتے ہان شاید وہ لوگ پوچھہ سکین جنہون نے بلا واسطۂ مُحَمَّدٌ وَّآلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ خدا کو پہچان لیا ہے اِسلئے کہ جسطرح بلا واسطہ پہچان لیا ہے اوسی طرح بلا واسطہ پوچھہ بھی سکتے ہین اب رہے راسخون فی العلم تو یہہ دیکہنا ہے کہ وہ کون ہین - یون تو جسکا جی چاہے اپنے تئین راسخ فی العلم کہے یا سمجھے مگر شیعون کی حدیثین یہی بتاتی ہین کہ راسخون فی العلم صرف محمد وآل محمد صلوات اللہ علیہم اجمعین ہین -

(۱) ابی عن ابی عمیر عن ابی اذینہ عن برید عن ابی جعفر علیہ السلامُ

قال ان رسول اللہ افضل الراسخین فی العلم فقد علم جمیع ما انزل اللہ علیہ من التنزیل والتاویل وما کان اللہ لینزل علیہ شیئا لم یعلمہ التاویل واوصیائہ من بعدہ یعلمون کلہ الحدیث ۔ (بحار الانوار باب انہم علیہم السلام اہل علم القرآن ۔ تفسیر علی بن ابراہیم قمی) امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہین کہ افضل راسخون فی العلم رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ ہین جوکچھ خدا نے اوس جناب پر تنزیل اور تاویل نازل فرمائی سبکو جانتے تھے اور خدا نے اون پر کوئی چیز نازل نہین کی جسکی تاویل نہ بتائی ہو اور اوس جناب کے بعد اونکے اوصیاء اون کل تنزیلون اور تاویلون کو جانتے ہین ۔

(۲) محمد بن احمد بن ثابت عن الحسن بن محمد بن سماعہ عن وہیب بن حفص عن ابی بصیر عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال سمعتہ یقول ان القران زاجر وآمر یامر بالجنۃ ویزجر عن النار وفیہ محکم و متشابہ فاما المحکم فیؤمن بہ ویعمل بہ ویدین بہ واما المتشابہ فیؤمن بہ ولا یعمل بہ وھو قول اللہ تعالیٰ فَاَمَّا الَّذِیْنَ فِیْ قُلُوْبِہِمْ زَیْغٌ فَیَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَہَ مِنْہُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَۃِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِیْلِہٖ وَمَا یَعْلَمُ تَاْوِیْلَہٗٓ اِلَّا اللّٰہُ وَالرّٰسِخُوْنَ فِی الْعِلْمِ یَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِہٖ کُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۔ والراسخون فی العلم آل محمد علیہم السلام ۔

(تفسیر علی بن ابراہیم ۔ بحار الانوار باب انہم علیہم السلام اہل علم القرآن) ابو بصیر لکھتے ہین کہ مین نے امام جعفر صادق علیہ السلام کو کہتے سنا ہے کہ وہ جناب ارشاد فرماتے تھے یہہ کہ قرآن باز رکھنے والا ہے اور حکم دینے والا ہے حکم دیتا

ہے طرف جنت کے اور باز رکھتا ہے جہنم سے اوسمین محکم ہے اور متشابہ ہے پس
محکم وہ ہے جس پر مومن ایمان لاتا ہے اور اوس پر عمل کرتا ہے اور اوسکی اطاعت
کرتا ہے اور متشابہ وہ ہے کہ جس پر ایمان لاتا ہے اور عمل نہین کرتا اِسی لیے خدا
فرماتا ہے پس ایسے لوگ جنکے دلون مین کجی ہے پس پیروی کرتے ہین اوسکی جو
اوسمین متشابہ ہے فتنہ بپا کرنیکے لئے اور اوسکی تاویل گڑہنیکے لئے اور نہین
جانتا تاویل اوسکی مگر اللہ اور وہ لوگ جو علم مین راسخ ہین (مومنین تاویل
راسخون فی العلم سے سنکر) کہتے ہین کہ جو کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے
ہم سب پر ایمان لائے ہین ۔ اور راسخون فی العلم آلِ محمد علیہم السلام ہین ۔
(۳) محمد بن احمد عن الاھوازی عن النضر عن ایوب بن الحُر و
عمران بن علی عن ابی بصیر عن ابی عبد اللہ علیہ السلام قال
نحن الرّاسخون فی العلم ونحن نعلم تأویلہ ۔ (بصائر الدرجات ۔
بحار الانوار ۔ باب انھم علیہم السلام اہل علم القرآن) امام جعفر صادق
علیہ السلام فرماتے ہین کہ راسخون فی العلم ہم ہین اور ہم اوسکی تاویل
جانتے ہین ۔

خلاصہ اِس تمام بیان کا یہہ ہوا کہ آیۂ نور متشابہ ہے اور متشابہ کی تاویل نہین جانتا
مگر اللہ اور راسخون فی العلم اور راسخون فی العلم نہین ہین مگر محمد و آل محمد علیہم
الصلوٰۃ والسلام پس متشابہ کی تاویل نہین جانتے مگر محمد و آل محمد صلوات اللہ علیہم
اور ہم جاہلون کو خدا نے یہہ حکم دیا ہے فَاسْئَلُوٓا اَھْلَ الذِّکْرِ اِنْ کُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ
(سورۂ انبیاء، آیہ ۷) یعنی اگر تم نہین جانتے ہو تو دین کی کتاب والون سے

پوچھو۔ پس ہمکو دیکھنا چاہیئے کہ اہل ذکر کون ہین تو ہماری حدیثین یہی کہتی ہین کہ اہل ذکر محمد و آل محمد علیہم الصلواۃ و السلام ہین۔

۱۔ ابن معروف عن حماد بن برید عن ابی جعفر علیہ السلام فی قولہ فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ قال الذکر القران ونحن اھلہ (بصائر الدرجات ۔ بحار الانوار ۔ باب انھم علیہم السلام اہل الذکر) امام محمد باقر علیہ السلام نے اس آیہ کی تفسیر مین فرمایا کہ ذکر قرآن ہے ۔ اور ہم اہل اوسکے ہین۔

۲۔ محمد بن الحسین ومحمد بن عبد الجبار عن ابن فضال عن ثعلبہ عن بعض اصحابنا عن محمد بن مروان عن الفضیل بن یسار عن ابی جعفر علیہ السلام فی قولہ تعالیٰ فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ قال رسول اللہ واھلبیتہ ھم اھل الذکر وھم الائمۃ (بصائر الدرجات ۔ بحار الانوار باب انھم علیہم السلام اہل الذکر) امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ رسول اللہ اور اونکے اہلبیت اہل ذکر ہین اور وہ ائمہ ہین

۳۔ محمد بن العباس عن ابی عقدۃ عن احمد بن الحسین عن ابیہ عن الحسین بن مخارق عن ابی طریف عن ابن نباتہ عن امیر المؤمنین صلوات اللہ علیہ وآلہ فی قولہ عز وجل فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ قال نحن اھل الذکر (کنز از تفسیر محمد بن عباس بحار الانوار باب انھم علیہم السلام اہل الذکر) جناب امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ ہم اہل ذکر ہین حاصل کلام یہہ ہوا کہ خدا ہم سے فرماتا ہے کہ جو تم نہ جانتے ہو وہ اہل ذکر سے پوچھو

اور آیات متشابہات کی تأویل ہم نہین جانتے تو لازم ہوا کہ ہم اونکو اہل ذکر سے
پوچھین اور حدیثون سے ثابت ہوا کہ اہل ذکر محمد و آل محمد علیہم السّلام ہین پس
چاہیئے کہ متشابہات کی تأویلین ہم اونہین سے پوچھین - اور جو کچھ وہ حضرات
تأویل ارشاد فرمائین اوس پر ایمان لائین اور حسبِ ارشاد حق سبحانہ تعالیٰ
يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِندِ رَبِّنَا کے مصداق بنین - نہ یہہ کہ جو
کچھ محمد و آل محمد علیہم الصّلوٰۃ والسّلام نے تأویل فرمائی ہوا وسکو توپس
پشت ڈالدین اور اپنی من مانی تاویلین جو چاہین گڑھکر فَأَمَّا الَّذِينَ فِي
قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ
مین داخل ہوجائین لھذا پہلے ہم اون تاویلون کو بیان کرتے ہین جو معصومین
علیہم السّلام سے وارد ہوئی ہین -

(۱) حدثنا حمید بن زیاد عن محمد بن حسین عن محمد بن یحییٰ
عن طلحة بن زید عن جعفر بن محمد عن ابیه علیه السّلام فی هذه
الایة اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ قال بدأ بنور نفسه مَثَلُ نُورِهِ
مثل هداه فی قلب المؤمن كَمِشْكَاةٍ فِيهَا مِصْبَاحٌ جوف المؤمن و
القندیل قلبه والمصباح النور الذی جعله الله فیه يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ
مُبَارَكَةٍ قال الشجرة المؤمن زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ علی
سواء الجبل لا غربیة ای لا شرق لها ولا شرقیة ای لا غرب لها اذا
طلعت الشمس طلعت علیها واذا غربت غربت علیها يَكَادُ زَيْتُهَا
يُضِيءُ یکاد النور الذی جعله الله فی قلبه یضیء وان لم یتکلم نُورٌ

عَلٰی نُوْرٍ فریضة وسُنّة علی سنّة یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ
قال یهدی الیه بفرائضه وسُننه من یّشاء وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ
لِلنَّاسِ قال فهذا مثل ضربه اللّٰه للمؤمن قال فالمؤمن ینقلب فی
خمسةٍ من النور۔ مدخله نور۔ ومخرجه نور۔ وعلمه نور
وکلامه نور۔ ومصیره یوم القیمة الی الجنّة نور۔ قال الراوی
قلت لجعفر علیه السّلام انّهم یقولون مثل نور الرّب۔ قال
سبحان اللّٰه لیس للّٰه مثل اما قال فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ۔
(تفسیر صافی۔ تفسیر برہان۔ تفسیر علی بن ابراہیم۔ بحار الانوار ج ا۔
ص۱) ۔ امام محمد باقر علیہ السّلام سے امام جعفر صادق علیہ السّلام نے
اِس آیت کی یہہ تاویل بیان فرمائی ہے ۔
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ فرمایا کہ ابتدا کی خدا نے اپنے نفس کے نور سے۔
مَثَلُ نُوْرِهٖ۔ مثال ہے اوس ہدایت کی جو قلب مومن میں خدا نے وارد کی ہے۔
کَمِشْکٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ۔ جوف یعنی سینہ مومن کا ہے اور قندیل اوسکا قلب ہے
اور مصباح وہ نور ہے جو خدا نے اوسمین روشن کیا ہے ۔
یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَکَةٍ۔ فرمایا کہ شجرہ مومن ہے ۔
زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ۔ کہ وہ پہاڑ کی چوٹی پر ہے لا غربیة
یعنی اوسکے لئے شرق نہین ہے لا شرقیة یعنی اوسکے لئے غرب نہین
ہے جب آفتاب طالع ہوا تو اوسی پر طالع ہوا اور جب غروب ہوا تو اوسی پر
غروب ہوا ۔

یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْئُ ۔ قریب ہے کہ وہ نور جو خدا نے اوسکے قلب مین عطا کیا ہے چمکے اور اگرچہ وہ مومن کلام نکرے ۔
نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ۔ فرض اور سنت پر سنت ہے ۔
یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ۔ فرمایا کہ جسکو چاہتا ہے اپنی جانب اپنے فرائض اور سنتون کے ذریعہ سے ہدایت کرتا ہے ۔
وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۔ فرمایا کہ یہہ مثال بیان کی ہے اللہ نے مومن کیلئے ۔ پس مومن پانچ نور و نمین منقلب ہوتا ہے ۔ مدخل اوسکا نور ہے ۔ مخرج اوسکا نور ہے ۔ علم اوسکا نور ہے ۔ کلام اوسکا نور ہے اور بازگشت اوسکی روز قیامت جانب جنت نور ہے ۔ راوی کھتا ہے کہ مین نے جعفر علیہ السلام سے عرض کی کہ لوگ کھتے ہین کہ مثال نور رب کی ہے (یعنی خدا نے اپنی ذات کی یہہ مثال بیان کی ہے) فرمایا کہ سبحان اللہ خدا کے لیے کوئی مثال نہین ہے کیا اوسنے نہین فرمایا ۔ فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ۔ کہ خدا کیلئے مثالین نہ بیان کرو ۔
(۲) محمد بن یعقوب عن علی بن محمد عن سهل بن زیاد عن یعقوب بن یزید عن العباس بن هلال قال سئلت الرضا علیه السلام عن قول الله عز و جل اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فقال هادٍ لاهل السموات وهادٍ لاهل الارض ۔ وفی روایة لبرقی هدی من فی السموات وهدی من فی الارض (غایة المرام از کافی ۔ عماد الاسلام ۔ تفسیر برہان از کتاب توحید صدوق و معانی الاخبار) عباس

بن ہلال نے امام رضا علیہ السلام سے پوچھا کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ
سے کیا مراد ہے تو حضرت نے فرمایا کہ اللہ ہدایت کرنیوالا ہے اہل سمٰوات کی
اور اہل زمین کی (یعنی نور بمعنی ہدایت کنندہ ہے) اور برقی نے جو روایت کی
ہے اوسمیں بجائے ہادی کے لفظ ہدیٰ بصیغہ ماضی بیان کیا ہے۔

(۳) عن علی بن محمد عن علی بن العباس عن علی بن حماد عن
عمرو بن شمر عن جابر عن ابی جعفر علیہ السلام۔ (الیٰ ان
قال ع) ۔ ثم ان رسول اللہ وضع العلم الذی کان عندہ عند الوصی و
ھو قول اللہ عزوجل اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ یقول انا ھادی
السمٰوات والارض مثل العلم الذی اعطیتہ وھو نوری الذی یھتدی
بہ مثل المشکوٰۃ فِیْهَا مِصْبَاحٌ فالمشکوٰۃ قلب محمد ص والمصباح
النور الذی فیہ العلم وقولہ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ یقول انی ارید
ان اقبضک فاجعل الذی عندک عند الوصی کما یجعل المصباح فی الزجاجۃ
كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ فاعلمھم فضل الوصی یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ
فاصل الشجرۃ المبارکۃ ابراھیم وھو قول اللہ عزوجل رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ
بَرَكَاتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ وھو قول اللہ عزوجل
اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِيْنَ ذُرِّيَّةً
بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔ لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ یقول
لستم بیھود فتصلوا قبل المغرب ولا نصاری فتصلوا قبل المشرق وانتم
علی ملۃ ابراھیم صلی اللہ علیہ وقد قال اللہ عزوجل مَا كَانَ اِبْرَاهِيْمُ

نقوی ۱۰

يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلٰكِنْ كَانَ حَنِيْفًا مُسْلِمًا وقوله عزوجل يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ يقول مثل اولادكم الذين يولدون منكم مثل الزيت الذي يعصر من الزيتون يكاد زيتها يضئ ولولم تمسسه نار نور على نور يهدى الله لنوره من يشاء يقول يكادون ان يتكلموا بالنبوة ولولم ينزل عليهم ملك (بحار الانوار ص۶۷ ج ۷ - غاية المرام از كافى روضه - تفسير صافى - تفسير برہان)

جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے (ایک حدیث طویل بیان فرمائی یہان تک کہ حضرت نے ارشاد فرمایا) کہ پھر جو علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تہا وہ اونہون نے وصی کو سپرد کیا اور وہ قول ہے خدائے عزوجل کا -

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ - فرماتا ہے کہ مین ہدایت کرنے والا ہون آسمانون کی اور زمین کی -

مَثَلُ نُوْرِهٖ - مثال ایسے علم کی ہے جو مین نے اوسکو (نبی کو) عطا کیا ہے اور وہ میرا ایسا نور ہے جسکے ذریعہ سے ہدایت کیجاتی ہے -

مَثَلُ الْمِشْكٰوةِ فِيْهَا مِصْبَاحٌ - پس مشکاۃ قلب محمدؐ ہے اور مصباح وہ نور ہے جو اونکے قلب مین علم ہے -

وقوله اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ - فرماتا ہے کہ مین ارادہ کرتا ہون کہ تجھکو اوٹھالون پس جو کچھ تیرے پاس ہے وصی کے سپرد کردے جسطرح چراغ

قندیل مین رکہا جاتا ہے۔
کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ ۔ پس تبلادے اونکو (یعنی امت کو) فضیلت وصی کی
یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ ۔ پس اصل شجرہ ابراہیم علیہ السلام ہین اور وہ قول
ہے خدائے عزوجل کا رَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ عَلَیْکُمْ اَھْلَ الْبَیْتِ اِنَّہٗ حَمِیْدٌ
مَّجِیْدٌ اور قول خدائے عزوجل کا اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی آدَمَ وَنُوْحًا وَّآلَ اِبْرَاھِیْمَ
وَآلَ عِمْرَانَ عَلَی الْعَالَمِیْنَ ذُرِّیَّۃً بَعْضُھَا مِنْ بَعْضٍ وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۔
لَا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ ۔ فرماتا ہے کہ نہ تم یہودی ہو کہ نماز پڑہتے ہو مغرب کی
طرف اور نہ نصرانی ہو کہ نماز پڑہتے ہو مشرق کی طرف اور ہو تم ملتِ ابراہیمؑ پر ۔
اور تحقیق کہ فرمایا خدائے عزوجل نے مَا کَانَ اِبْرَاھِیْمُ یَھُوْدِیًّا وَّلَا نَصْرَانِیًّا وَّ
لٰکِنْ کَانَ حَنِیْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ وقولہ عزوجل
یَکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ
مَنْ یَّشَآءُ مثال ہے تمہاری ایسی اولاد کی جو تم سے پیدا ہوتی ہے مثال
ایسے روغن کی ہے جو زیتون سے نکالا جاتا ہے ۔ اور فرماتا ہے کہ قریب
ہے کہ کلام کرین ساتہہ نبوت کے (یعنی انبیاء کا کام کرین) اگرچہ اون پر
فرشتہ نازل نہو ۔

(۴) محمّد بن الحسین عن ابن سنان عن عمار بن مروان
عن المنخل عن جابر عن ابی جعفر علیہ السلام قولہ تبارک وتعالےٰ
اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ ۔ ھو محمد ص فِیْھَا مِصْبَاحٌ
وھو العلم اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ فزعم ان الزجاجۃ امیر المؤمنین ع

وعلم نبی اللہ عندہ (بحار الانوار۔ از بصائر الدرجات ۔ واختصاص مفید ۔ غایۃ المرام ۔ تفسیر برہان) امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ ۔ سے مراد جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں ۔

فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۔ سے علم مراد ہے ۔

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۔ پس فرمایا کہ زجاجہ امیر المومنین علیہ السلام ہیں اور علم نبی خدا کا اونکے پاس ہے ۔

(۵) جعفر بن محمد الفزاری معنعنا عن جابر وقال ابو جعفر بلغنا واللہ اعلم ان قول اللہ تعالیٰ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ فھو محمد ص كَمِشْكٰوةٍ ھو صدر نبی اللہ فِيْهَا مِصْبَاحٌ وھو العلم اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ فزعم ان الزجاجۃ امیر المؤمنین ع وعلم رسول اللہ عندہ واما قولہ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ قال لا یھودیۃ ولا نصرانیۃ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ قال یکاد ذلک العلم ان یتکلم فیک قبل ان ینطق بہ الرجل وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ وزعم ان قولہ فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَيُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ قال بیوت الانبیاء وبیت علی بن ابیطالب ع منھا ۔ (بحار الانوار ج ۷ ۔ از تفسیر فرات بن ابراہیم)

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ ہمکو (اپنے آبائے طاہرین سے) یہہ پہونچا ہے اور خدا بہتر جانتا ہے ۔

کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ ۔ جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین ۔

کَمِشْکٰوۃٍ ۔ سینۂ مبارک ہے نبی خدا کا ۔

فِیْهَا مِصْبَاحٌ ۔ علم ہے ۔

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ۔ پس فرمایا کہ بہ تحقیق زجاجہ امیرالمومنینؑ ہین اور علم رسول اللہ کا اونکے پاس ہے ۔

کَاَنَّهَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَکَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ

فرمایا کہ نہ یہودی ہین نہ نصرانی ۔

یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ ۔ فرمایا قریب ہے کہ یہہ علم تیرے بابت گویا ہو قبل اِسکے کہ گویا کیا جائے ساتھہ اوسی علم کے مرد ۔ (آل محمد کا) اور فرمایا اون حضرت نے کہ قولِ خدا فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْکَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ سے مراد گھر ہین انبیآء کے اور اونہین مین سے علی بن ابیطالبؑ کا گھر ہے ۔

(٦) ابراھیم بن ھرون الھیثمی عن محمد بن احمد بن ابی الثلج عن الحسین بن ایوب عن محمد بن غالب عن علی بن الحسین عن الحسین بن ایوب عن الحسین بن سلیمان عن محمد بن مروان الذھلی عن الفضیل بن یسار قال قلت لابی عبد اللہ الصادق علیہ السلام اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ قال کذالک اللہ عزوجل قال قلت مَثَلُ نُوْرِهٖ قال لی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ قلت کَمِشْکٰوۃٍ قال صدر محمدؐ قلت فِیْهَا مِصْبَاحٌ قال فیہ نور العلم یعنی النبوۃ قلت اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ

قال علم رسول اللہ صدر الی قلب علیؑ قلت کَاَنَّهَا قال لا ای شیٔ تقرء کَاَنَّهَا قلت کیف جعلت فداک قال کَاَنَّهٗ کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ قلت یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ قال ذاک امیر المؤمنین علیؑ بن ابیطالب لا یہودی ولا نصرانی قلت یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ قال یکاد العلم یخرج من فم العالم من آل محمدؐ من قبل ان ینطق بہ قلت نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ قال الامام علی اثر الامام (تفسیر برہان - تفسیر صافی - غایۃ المرام - بحار الانوار از کتاب التوحید صدوق ومعانی الاخبار)

فضیل بن یسار نے امام جعفر صادق علیہ السّلام سے اس آیہ کی تفسیر پوچھی تو فرمایا کہ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ - فرمایا کہ خدا ایسا ہی ہے -

مَثَلُ نُوْرِهٖ - محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں -

کَمِشْکٰوۃٍ - سینۂ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے -

فِیْهَا مِصْبَاحٌ - نور ہے اوس سینہ میں علم نبوت کا -

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ - علم رسولؐ خدا کا صادر ہوا طرف قلب علیؑ کے - راوی نے کَاَنَّهَا پڑہا تو فرمایا کہ تو کَاَنَّهَا کیون پڑہتا ہے عرض کی کہ فدا ہون پھر کیونکر فرمایا کَاَنَّهٗ کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ - یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ زَیْتُوْنَۃٍ لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ - امیر المؤمنین علی بن ابیطالبؑ ہین کہ نہ یہودی ہین نہ نصرانی ہین -

یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ - قریب ہے کہ نکلے علم دہن عالم

آل محمدؑ سے قبل اسکے کہ وہ گویا کیا جائے اوسی علم سے۔

نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ۔ امام بعد امام کے ہے۔

(۷) فرات بن ابراهيم الكوفی معنعنا عن ابی جعفر محمد بن علیؑ فی قول الله تعالٰی مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ قال العلم فی صدر رسول الله فِیْ زُجَاجَةٍ قال الزجاجة صدر علی بن ابيطالبؑ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ قال نور العلم لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ لا يهودية ولا نصرانية يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ قال يكاد العالم من آل محمدؑ يتكلم بالعلم قبل ان يسئل عنه۔ (تفسیر برہان۔ بحار الانوار۔ از تفسیر فرات بن ابراہیم)

جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ

مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ۔ سے مراد وہ علم ہے جو سینۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ مین تھا۔

فِیْ زُجَاجَةٍ۔ سے مراد سینۂ علی بن ابیطالب علیہ السلام ہے۔

كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ۔ سے مراد نور علم ہے۔

لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ۔ سے مراد یہہ ہے کہ نہ یہودی ہین نہ نصرانی ہین يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ۔ سے مراد یہہ ہے کہ قریب ہے کہ عالم آل محمد گویا ہوساتہہ علم کے قبل اسکے کہ اوس سے

سوال کیا جائے۔

(۸) عن جابر بن یزید عن ابی جعفر علیہ السلام فی قول اللہ عزوجل اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ صدر نبی اللہ منہ اَلْمِصْبَاحُ والمصباح هو العلم فِیْ زُجَاجَةٍ الزجاجه امیر المؤمنین ؑ وعلم نبی اللہ عندہ (تفسیر برہان)

جناب امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ ۔ سینہ ہے نبی خدا کا جسمیں مصباح ہے اور مصباح علم ہے۔
فِیْ زُجَاجَةٍ ۔ سے مراد امیر المؤمنین ہیں کہ علم نبی خدا کا اونکے پاس ہے۔

(۹) من دلائل الحمیری عن محمد الرقاشی قال کتبت الی ابی محمد علیہ السلام اسئالہ عن اَلْمِشْكٰوةِ فرجع الجواب اَلْمِشْكٰوةُ قلب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ (بحار الانوار از کشف الیقین) امام زین العابدین صلوٰۃ اللہ علیہ سے محمد رقاشی نے بذریعہ تحریر پوچھا کہ مشکوٰۃ سے کیا مراد ہے جواب آیا کہ مشکات قلب ہے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ کا۔

(۱۰) ابی عن عبد اللہ بن جندب عن الرضا علیہ السلام انہ کتب الیہ مثلنا فی کتاب اللہ کمثل اَلْمِشْكٰوةِ والمشکاۃ فی القندیل فنحن المشکاۃ فِيْهَا مِصْبَاحٌ المصباح محمد رسول اللہ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ من عنصرۃ الطاہرۃ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ ابراھیمیۃ لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا

غَرْبِيَّةٍ لادعيه ولامنكرة يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ القرآن. نُورٌ عَلَىٰ نُورٍ امام بعد امام يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ فالنور علی علیه السلام یهدی الله لولایتنا من احب - وحق علی الله ان یبعث ولینا مشرقا وجهه نیرا برهانه ظاهرة عند الله حجته وحق علی الله ان یجعل ولینا مع النبیین والصدقین والشهداء والصلحین وحسن اولئك رفیقا (تفسیر برہان - بحار الانوار تفسیر علی بن ابراہیم) امام رضا علیہ السلام نے عبداللہ بن جندب کے خط کے جواب میں تحریر فرمایا کہ ہماری مثال کتاب خدا میں مثل مشکوۃ کے ہے اور مشکوۃ قندیل میں ہو پس ہم مشکوۃ ہیں -

فِيهَا مِصْبَاحٌ - محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں -

الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ - اوس جناب کے عناصر طاہرہ ہیں -

الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ - شجرہ طیبہ ابراہیم علیہ السلام ہے -

لَّا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ - سے یہہ مراد ہے کہ (معاذ اللہ) نہ دعوی کیے گئے ہیں نہ انکار کیے گئے ہیں -

يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ - قرآن ہے -

نُّورٌ عَلَىٰ نُورٍ - امام ہے بعد امام کے -

يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ

شیٔ علیم۔ پس نور علی علیہ السلام ہین خدا ہماری ولایت کی ہدایت کرتا ہے
اوس شخص کو جسے دوست رکہتا ہے۔ اور خدا پر حق ہے کہ ہمارے دوست کو
باچہرۂ نورانی روشن برہان اور باحجت ظاہر برانگیختہ کرے اور حق ہے خدا پر
کہ ہمارے دوست کو انبیاء اور صدیقین اور شہدا اور صلحا ین داخل کرے اور
وہ خوب ہین از روے رفاقت کے۔

(۱۱) محمد بن العباس عن محمد بن جعفر الحسینی عن ادریس بن
زیاد الحناط عن ابی عبداللہ بن احمد بن عبداللہ الخراسانی عن
یزید بن ابراھیم ابی حبیب الناجی عن ابی عبداللہ ؑ عن ابیہ ؑ
عن علی بن الحسین علیہ السلام انہ قال مثلنا فی کتاب اللہ کمثل
المشکاۃ فنحن المشکاۃ والمشکوۃ الکوۃ فِیْهَا مِصْبَاحٌ وَالْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ
وَالزُّجَاجَةُ محمد ؐ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ قال علی
زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ
نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ نور القرآن یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ۔ یہدی
لولایتنا من احب (غایۃ المرام۔ بحار الانوار از کنز تفسیر برہان)

امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہین کہ مثال ہماری کتاب خدا ین ایسی ہے
جیسے مشکاۃ پس ہم مشکوۃ ہین اور مشکات طاق ہے۔
فِیْهَا مِصْبَاحٌ اور اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ۔ زجاجہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ
وآلہ ہین۔
كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ۔ علی علیہ السلام ہین۔

زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ - نور قرآن ہے -
يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ - ہدایت کرتا ہے اللہ ہماری ولایت کی جسکو دوست رکہتا ہے -

(۱۲) غایۃ المرام مین اور بحار الانوار ص۶۵ ج ۷ مین تفسیر فرات بن ابراہیم سے اور ص۲۲۳ ج ۷ مین علل الشرایع سے بروایت حسین بن عبداللہ بن جندب ایک طولانی حدیث نقل کی ہے مین اوس حدیث سے صرف تفسیر آیۂ نور نقل کرتا ہون اگر پوری حدیث دیکہنی ہے تو اصل کتاب مین دیکہیے حضرت امام رضا علیہ السلام جواب خط مین تحریر فرماتے ہین -

مثلنا فی کتاب اللہ کمثل المشکاۃ والمشکاۃ فی القندیل فنحن الْمِشْكٰوةُ فِيْهَا مِصْبَاحٌ المصباح محمد رسول اللہ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ من عنصرۃ الطاہرۃ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ لا دعیۃ ولا منکرۃ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نور القرآن نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ - فالنُّوْرُ عَلِيٌّ يَهْدِي اللہ لولایتنا من احب الحدیث -

مثال ہماری کتاب خدا مین مانند مشکاۃ کے ہے اور مشکاۃ قندیل مین ہے پس ہم مشکوۃ ہین -

فِيهَا مِصْبَاحٌ ۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں ۔
اَلْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ ۔ اوس جناب کے عناصر طاہرہ ہیں ۔
كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ ۔ سے مراد یہ ہے کہ (معاذ اللہ) نہ ایسے ہیں کہ جنپر دعویٰ کیا گیا ہو نہ ایسے ہیں کہ جنسے انکار کیا گیا ہو ۔
يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۔ نور قرآن ہے ۔
نُورٌ عَلَىٰ نُورٍ يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۔ پس نور علی علیہ السّلام ہیں ہدایت کرتا ہے اللہ ہماری ولایت کی جسکو دوست رکہتا ہے ۔

(۱۳) محمد بن العباس قال حدثنا الحسين بن احمد عن محمد بن عيسى عن يونس بن عبد الرحمن قال حدثنا اصحابنا ان اباالحسن عليه السلام كتب الى عبد الله بن جندب قال لى على بن الحسين عليه السلام ان مثلنا فى كتاب الله كمثل المشكاة والمشكاة فى القنديل فنحن المِشْكَاةُ فِيهَا مِصْبَاحٌ والمصباح محمدؐ اَلْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ نحن الزجاجة يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ علىؑ زَيْتُونَةٍ معروفة لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ لا منكرة ولا دعية يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نور القرآن نُورٌ عَلَىٰ نُورٍ يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَنْ يَشَاءُ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ بان يهدى من احب

الی ولایتنا (غایۃ المرام ص۳۱۵ بحار الانوار از کنز ص۶ ج ۷ - تفسیر برہان)
امام رضا علیہ السلام نے عبداللہ بن جندب کو تحریر فرمایا کہ مثال ہماری قرآن مین مانند مشکاۃ کے ہے اور مشکاۃ قندیل مین ہے پس ہم مشکاۃ ہین -
فِیْهَا مِصْبَاحٌ - اور مصباح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ ہین -
اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ - پس ہم زجاجہ ہین -
یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ - علی علیہ السلام ہین -
زَیْتُوْنَةٍ - معروف ہین (مجہول نہین ہین)
لَاشَرْقِیَّةٍ وَّلَاغَرْبِیَّةٍ - نہ انکار کیے گئے ہین نہ (معاذ اللہ) دعوی کیے گئے ہین -
یَكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْلَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ - نور قرآن ہے -
نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ - یہہ کہ ہدایت کرتا ہے جسکو دوست رکہتا ہے ہماری ولایت کی طرف -

(۱۴) وروی الصدوق باسنادہ عن محمد بن علی بن الحسین علیہ السلام فی قولہ عزوجل کَمِشْكٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ قال المشکوٰۃ نور العلم فی صدر النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وَالْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ الزجاجۃ صدر علیؑ صار علم النبیؐ الی صدر علیؑ - علم النبیؐ علیاً علیہما السلام اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ قال نور العلم لَاشَرْقِیَّةٍ وَّلَاغَرْبِیَّةٍ

قال

قال لا یهودیة ولا نصرانیة یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ قال یکاد العالم من آل محمد یتکلم بالعلم قبل ان یسأل نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ یعنی اماماً مؤیداً بنور العلم والحکمة فی اثر امام من آل محمد و ذلک من لدن آدم الی ان تقوم الساعة فهولاء الاوصیا الذین جعلهم الله خلفائه فی ارضه و حجه علی خلقه لا تخلوا الارض فی کل عصر من واحد منهم ۔ (عماد الاسلام کتاب التوحید ص ۱۴۶) امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ

کَمِشْکٰوۃٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ ۔ یعنی مشکات نور علم ہے سینۂ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ کا۔

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ۔ یعنی زجاجہ سینۂ علیؑ ہے کہ منتقل ہوا علم نبیؐ کا طرف سینۂ علیؑ کے ۔ تعلیم کیا نبیؐ نے علیؑ کو ۔

اَلزُّجَاجَةُ کَاَنَّهَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَکَةٍ ۔ سے مراد نور علم ہے ۔

لَا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ ۔ فرمایا کہ نہ یہودی ہیں نہ نصرانی ہیں ۔

یَکَادُ زَیْتُهَا یُضِیْءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۔ فرمایا قریب ہے کہ عالم آل محمدؐ گویا ہو علم کے ساتھ قبل اسکے کہ سوال کیا جائے ۔

نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ۔ یعنی ایک امام مؤید بنور علم و حکمت بعد ایک امام کے ہے آل محمدؐ سے ۔ اور یہ آدمؑ سے چلا آیا ہے اور قیامت تک رہیگا ۔ اور یہ سب ایسے اوصیاء ہیں جنکو خدا نے زمین پر اپنا خلیفہ کیا ہے اور اپنی خلقت پر حجت قرار دیا ہے کسی زمانہ میں زمین انہیں سے ایک سے خالی نہ رہیگی ۔

(یعنی کوئی نہ کوئی امام ضرور موجود رہیگا)

(۱۵) الطبرسی قال روی عن الرضا علیہ السلام انہ قال نحن المشکاۃ فی المصباح وھو محمدؐ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ یھدی اللہ لولایتنا۔ (تفسیر برہان۔ تفسیر مجمع البیان۔ بحار الانوار ج ۱ ص ۷۸ (بحار کی روایت میں من احب زیادہ ہے)

امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ ہم مشکوۃ ہیں مصباح محمد صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ یعنی خدا جسکو چاہتا ہے ہماری ولایت کی طرف ہدایت کرتا ہے۔

(۱۶) محمد بن ھمام عن جعفر بن محمد عن محمد بن الحسین الصائغ عن الحسین بن علی عن صالح بن سھل الھمدانی قال سمعت اباعبداللہ علیہ السلام فی قول اللہ۔ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ۔ المشکوۃ فاطمہؑ فِيْهَا مِصْبَاحٌ الحسنؑ اَلْمِصْبَاحُ الحسینؑ فِیْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ کان فاطمہؑ کوکب دری بین نساء اھل الدنیا يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ یوقد من ابراھیمؑ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ لا یھودیۃ ولا نصرانیۃ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ یکاد العلم ینفجر من ذریتھا وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ امام منھا بعد امامٍ يَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ یھدی اللہ بالائمۃ من یشاء وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (بحار الانوار۔

ج ۷ ص ۶۳ از تفسیر علی بن ابراہیم ۔ وکنز ۔ غایۃ المرام ص ۳۱۵ ۔ تفسیر برہان ۔ کافی بتغیر بعض الفاظ)

امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ ۔ فاطمہ زہرا صلواۃ اللہ علیہا ہیں ۔

فِيْهَا مِصْبَاحٌ ۔ حسن علیہ السلام ہیں ۔

اَلْمِصْبَاحُ ۔ حسین علیہ السلام ہیں ۔

فِيْ زُجَاجَةٍ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ ۔ سے مراد فاطمہ زہراؑ ہیں کہ دنیا کی عورتوں میں چمکتے ہوئے تارے کے مانند ہیں ۔

يُوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ ۔ روشن ہوتا ہے ابراہیمؑ سے یعنی اونکی نسل طاہر سے ہیں ۔

لَا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۔ نہ یہودی ہیں نہ نصرانی ہیں ۔

يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ ۔ قریب ہے کہ علم ذریت فاطمہؑ سے جاری ہو ۔

وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ۔ امام ہے بعد امام کے ۔

يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۔ اماموں کے ذریعہ سے خدا جسکو چاہتا ہے ہدایت کرتا ہے ۔

(۱۷) جعفر بن محمد الفزاری معنعنا عن ابیعبد اللہ علیہ السلام فی قولہ تعالیٰ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ الحسنؑ اَلْمِصْبَاحُ الحسینؑ فِيْ زُجَاجَةٍ

كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ فاطمة كوكب دري من نساء العالمين -
يُوقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ ابراهيم الخليل لَاشَرْقِيَّةٍ
وَّلَاغَرْبِيَّةٍ يعني لا يهودية ولا نصرانية يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ
يكاد العلم ينبع منها - (بحار الانوار ج ۷ ص ۱۵۶ از تفسیر فرات بن ابراہیم
تفسیر برہان)

امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد کرتے ہیں کہ
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ -
امام حسن علیہ السلام -
اَلْمِصْبَاحُ - امام حسین علیہ السلام -
فِيْ زُجَاجَةٍ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ - فاطمہ زہرا صلوات اللہ علیہا ہیں کہ
مانند روشن تارے کے ہیں عورات دنیا ہیں -
مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ - ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام ہیں -
لَاشَرْقِيَّةٍ وَّلَاغَرْبِيَّةٍ - نہ یہودی ہیں نہ نصرانی ہیں -
يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ - قریب ہے کہ اوس سے علم جاری ہو -

(۱۸) جابر بن عبد اللہ الانصاری قال دخلت الی مسجد الکوفۃ
وامیر المؤمنین صلوات اللہ وسلامہ علیہ یکتب باصبعہ
ویتبسم فقلت لہ یا امیر المؤمنین ما الذی یضحکک فقال
عجبت لمن یقرء ھذہ الآیۃ ولم یعرفھا حق معرفتھا فقلت لہ ای
آیۃ یا امیر المؤمنین فقال قولہ تعالیٰ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکوٰۃٍ المشکوۃ محمدؐ فِیْھَا مِصْبَاحٌ انا
اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ الزجاجۃ الحسنؑ والحسینؑ کَاَنَّھَا
کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ وھو علیؑ بن الحسینؑ یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبَارَکَۃٍ
محمدؑ بن علیؑ زَیْتُوْنَۃٍ جعفرؑ بن محمدؑ لَا شَرْقِیَّۃٍ موسےؑ
بن جعفرؑ لَا غَرْبِیَّۃٍ علیؑ بن موسیٰؑ الرضا یَکَادُ زَیْتُھَا
یُضِیْءُ محمدؑ بن علیؑ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ علیؑ بن محمدؑ
نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ الحسنؑ بن علیؑ یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ
القایم المھدیؑ وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

(غایۃ المرام - تفسیر برہان)

جابر بن عبداللہ انصاری کہتے ہین کہ مین مسجد کوفہ مین گیا دیکھتا کیا ہون کہ امیرالمومنین علیہ السّلام کچھ اونگلی سے لکھ رہے ہین اور مسکراتے جاتے ہین مین نے عرض کی کہ ای امیرالمومنینؑ آپکو کونسی بات ہنسا رہی ہے پس فرمایا کہ تعجب کرتا ہون اوس شخص کیپر جو اِس آیت کو پڑہتا ہے اور حق معرفت اوسکا نہین جانتا تو مین نے عرض کی کہ کونسی آیت ہے ای امیرالمومنینؑ تو ارشاد فرمایا کہ قول اللہ تعالیٰ کا۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِہٖ کَمِشْکوٰۃٍ۔

اَلْمِشْکوٰۃُ - محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین۔

فِیْھَا مِصْبَاحٌ - مینؑ ہون۔

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ - حسنؑ اور حسینؑ ہین۔

کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ دُرِّیٌّ - علیؑ بن الحسینؑ - (یعنی زین العابدینؑ) ہین

يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ ۔ محمدؑ بن علیؑ (یعنی محمد باقرؑ) ہیں۔
مُبَارَكَةٍ زَيْتُونَةٍ ۔ جعفرؑ بن محمدؑ (جعفر صادق) ہیں۔
لَا شَرْقِيَّةٍ ۔ موسیٰ بن جعفرؑ (یعنی موسی کاظمؑ) ہیں۔
لَا غَرْبِيَّةٍ ۔ علی بن موسی الرضا (یعنی رضاؑ) ہیں۔
يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ ۔ محمدؑ بن علیؑ (یعنی محمد تقیؑ) ہیں۔
وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۔ علیؑ بن محمدؑ (یعنی علی نقیؑ) ہیں۔
نُورٌ عَلَىٰ نُورٍ ۔ حسنؑ بن علیؑ (یعنی حسن عسکریؑ) ہیں۔
يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ ۔ قایم مہدیؑ ہیں
وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۔

(۱۹) عن امیر المؤمنین علیہ السلام انہ قال نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ محمدؐ مَثَلُ نُورِهِ انا كَمِشْكَاةٍ فاطمۃؑ فِيهَا مِصْبَاحٌ الحسنؑ الْمِصْبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الحسینؑ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوْكَبٌ علیؑ بن الحسینؑ دُرِّيٌّ محمدؑ بن علیؑ يُوقَدُ مِن شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ جعفرؑ بن محمدؑ الصادق زَيْتُونَةٍ موسےٰ الکاظم لَا شَرْقِيَّةٍ وَلَا غَرْبِيَّةٍ علیؑ بن موسیٰؑ يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيءُ محمدؑ التقی وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ علیؑ النقی نُورٌ عَلَىٰ نُورٍ الحسن العسکری يَهْدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَن يَشَاءُ الحجۃ المہدیؑ وَيَضْرِبُ اللَّهُ الْأَمْثَالَ لِلنَّاسِ وبنا يضرب الله الامثال للناس وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۔

(رق منشور شرح آیۃ النور از کتاب الحجۃ و مدینۃ المعاجیز سید ہاشم بحرانی علیہ الرحمۃ)

امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ

نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ـ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ ہیں ـ

مَثَلُ نُوْرِہٖ ـ میں ہوں ـ

کَمِشْکٰوۃٍ ـ فاطمۂ زہرا صلوٰۃ اللہ علیہا ہیں ـ

فِیْھَا مِصْبَاحٌ ـ حسنؑ ہیں ـ

اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَۃٍ ـ حسینؑ ہیں ـ

اَلزُّجَاجَۃُ کَاَنَّھَا کَوْکَبٌ ـ علی بن الحسینؑ ہیں ـ

دُرِّیٌّ ـ محمد بن علیؑ ہیں ـ

یُوْقَدُ مِنْ شَجَرَۃٍ مُّبٰرَکَۃٍ ـ جعفر بن محمد الصادقؑ ہیں ـ

زَیْتُوْنَۃٍ ـ موسیٰ کاظمؑ ہیں ـ

لَّا شَرْقِیَّۃٍ وَّلَا غَرْبِیَّۃٍ ـ علی بن موسیٰ الرضاؑ ہیں ـ

یَکَادُ زَیْتُھَا یُضِیْٓءُ ـ محمد تقیؑ ہیں ـ

وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْہُ نَارٌ ـ علی نقیؑ ہیں ـ

نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ـ حسن عسکریؑ ہیں ـ

یَھْدِی اللّٰہُ لِنُوْرِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ـ حجت مہدیؑ ہیں ـ

وَیَضْرِبُ اللّٰہُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ـ ہمارے لیے اللہ یہ مثالیں بیان فرماتا ہے ـ

وَاللّٰہُ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ـ اللہ ہر چیز کا دانا ہے ـ

(۲۰) ابن بابویہ رواہ مرسلا عن الصادق علیہ السلام انہ

سئل عن قول الله عزوجل اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ فقال هو مثل ضربه الله لنا ۔
(غایۃ المرام ۔ تفسیر برہان)

امام جعفر صادق علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ آیۃ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰاتِ وَالْاَرْضِ میں خدا نے ہمارے واسطے مثال بیان فرمائی ہے ۔

